© rasailojaraid.com

ادارہ

# اخبارالاحرار

## شہدائے ختمِ نبوّت کانفرنس ملتان

ملتان (۳۱/ مارچ ۲۰۱۱ء) مجلس احرار اسلام پاکستان کے **امیر سید عطاء المہیمن بخاری** نے مولانا فضل الرحمٰن پر قاتلانہ حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ اور اس کے حاشیہ بردار استعماری ممالک پاکستان میں دینی قیادت کو ختم کرنا چاہتے ہیں۔ دینی قوتیں ہی پاکستان میں امریکی مفادات کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ امریکہ دنیا کا سب سے بڑا دہشت گرد اور جارح ہے جس نے دنیا کا امن تباہ کر دیا ہے۔ ترقی پذیر ممالک کی خود مختاری اور سلامتی کو امریکی دہشت گردی سے شدید خطرہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مجلس احرار اسلام کے زیر اہتمام شہداء ختم نبوت کانفرنس کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت وحدت امت کی ضمانت ہے۔ قادیانی پاکستان میں امریکہ واسرائیل کے ایجنٹ کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ حکومت قادیانیوں کو ہمارا ٹائٹل استعمال کرنے سے روکے۔ قادیانی مسلمان ہو جائیں یا پھر اپنی شناخت اپنے مذہب کے نام پر کرائیں اور دنیا کو دھوکہ دینا بند کریں۔

پاکستان جمہوری پارٹی کے سربراہ **نوابزادہ منصور احمد خان** نے کہا کہ حکمرانوں نے پاکستان کو امریکہ کا غلام بنا دیا ہے۔ موجودہ حکمران اللہ سے مدد بھی مانگتے ہیں تو امریکہ کی خوشنودی کی۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان کا وجود خطرے میں ہے تمام سیاسی قوتوں کو مل کر پاکستان کی آزادی وخود مختاری کی جدوجہد کرنی ہوگی۔

جماعت اسلامی پنجاب کے امیر **ڈاکٹر سید وسیم اختر** نے کہا کہ پاکستان پر انجمن غلامانِ امریکہ کی حکومت ہے۔ شمع ختم نبوت کے پروانے غلامی کی زنجیروں کو توڑ دیں گے۔ انھوں نے کہا کہ حکمران اپنی بزدلی کی بنیاد پر خاموش ہیں لیکن عوام خاموشی کو برداشت نہیں کرے گی۔ انھوں نے کہا کہ حکمرانوں نے پاکستان کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی امریکی قید سے چھڑانے کی بجائے قاتل ریمنڈ ڈیوس کو باعزت رہا کیا۔ قوم مہنگائی کی چکی میں پس رہی ہے اور حکمران عیاشیاں کر رہے ہیں۔ دینی قوتیں امریکی دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے لیے متحد ہو جائیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رہنما **ڈاکٹر محمد عارف** نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن پر حملے کرنے والے مسلمان نہیں ہو سکتے۔ مولانا تنہا نہیں، تمام دینی جماعتیں ان کے ساتھ ہیں۔

ماہنامہ ”الاحرار“ **سید محمد معاویہ بخاری** نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ قادیانی، پاکستان میں دہشت گردی کے امریکی نظام کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی استعمار پوری منصوبہ بندی کے ساتھ مسلمانوں کے عقائد واعمال، تہذیب وثقافت اور خاندانی نظام کو تباہ کر رہا ہے۔ اور قادیانی آلۂ کار کے طور پر ایجنٹی کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ دینی قوتوں کو بھی پوری منصوبہ بندی کے ساتھ ان قوتوں کے مقابلے میں بند باندھنا ہوگا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مجلس احرار اسلام کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل **سید محمد کفیل بخاری** نے کہا کہ قادیانی ہیڈ کواٹر چناب نگر کا آپریشن کیا جائے۔ چناب نگر میں دہشت گردی کے لیے ممنوعہ اسلحہ کے ذخائر موجود ہیں۔ گزشتہ دنوں چناب نگر کے ایک مسلمان صحافی رانا ابرار حسین کو قادیانیوں نے شہید کر دیا۔ قادیانی دہشت گرد دندنا رہے ہیں اور حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک میں امن وامان قائم کرنے میں حکومت ناکام ہو چکی ہے۔ کانفرنس میں **مولانا فضل الرحمٰن** پر قاتلانہ حملوں کے خلاف قراردادِ مذمت منظور کرتے ہوئے مطالبہ کیا گیا کہ مولانا تحفظ فراہم کیا جائے۔ اور دہشت گرد حملہ آوروں کو گرفتار کیا جائے۔

## احرار ختم نبوت کانفرنس چیچہ وطنی

چیچہ وطنی (۷/اپریل ۲۰۱۱ء) تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کے دس ہزار شہداء ختم نبوت کی یاد میں منعقدہ ایک روزہ ''سالانہ ختم نبوت کانفرنس'' کے مقررین نے کہا ہے کہ قادیانیوں کے مذہبی تعاقب کے ساتھ ساتھ سیاسی تعاقب کی ضرورت پہلے سے بڑھ گئی ہے قادیانی فتنہ ملک کو عدم استحکام کی طرف دھکیلنے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے اور اکھنڈ بھارت کے لئے کام کر رہا ہے چیچہ وطنی کی مرکزی جامع مسجد میں مرکز سراجیہ لاہور کے مدیر صاحبزادہ رشید احمد کی صدارت میں منعقد ہونے والی سالانہ عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس کی مختلف نشستوں سے مجلس احرار اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما حافظ حسین احمد، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل مولانا زاہد الراشدی، خطیب اعظم مولانا محمد رفیق جامی (فیصل آباد)، اہلسنت والجماعت پاکستان کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں، قاری محمد طیب حنفی (بورے والا)، مجلس احرارِ اسلام جرمنی کے امیر سید منیر احمد شاہ بخاری، عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، حافظ محمد عابد مسعود اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ سید عطاء المہیمن بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انگریز سامراج نے مسلمانوں سے جذبہ جہاد ختم کرنے اور مسلمانوں میں انتشار پیدا کرنے کے لئے مرزا غلام احمد قادیانی کی جھوٹی نبوت کا ڈھونگ رچایا قادیانیوں نے اسلام پر بہتان لگانے اور مسلمانوں کو کمزور کرنے کے لئے کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا انہوں نے کہا کہ فتنۂ اِرتداد کا علاج وہی ہے جو خلیفۂ بلافصل سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے نافذ کیا تھا اِسلامی سزاؤں کے بارے ہرزہ سرائی بھی فکری اِرتداد ہے اس کا راستہ روکنے کے لئے ہم پوری قوت صرف کر دیں گے حافظ حسین احمد نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایمان تقویٰ اور جہاد کو ماٹو بنانے والی فوج کو اس بات پر نظر رکھنی چاہیے کے اینٹی جہاد قوتیں کس کا کردار ادا کر رہی ہیں اور منکرین جہاد کس ذیل میں آتے ہیں انہوں نے کہا کہ پرویز مشرف نے امریکہ کے تسلط کو مزید مضبوط بنانے کے لئے قومی سلامتی کو ذبح کر کے رکھ دیا انہوں نے کہا کہ آج افغانستان میں امریکہ اور اتحادی اپنے زخم چاٹ رہے ہیں انہوں نے کہا کہ ختم نبوت کا عقیدہ اور تحفظ ختم نبوت کا محاذ اتحاد پیدا کرتا ہے اور اختلاف ختم کرتا ہے پوری ملت اسلامیہ تحفظ ختم نبوت کے حوالے سے ایک ہی کردار اور رائے رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بھٹو دور کی اسمبلی نے قادیانی جماعت کو اپنا مؤقف پیش کرنے کا پورا موقع دیا اور اسمبلی نے متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیا اس فیصلے سے انحراف دستور سے بغاوت اور ملک سے غداری ہے انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ عبدالرحمٰن ملک نے کہا تھا کہ میرے سامنے کوئی توہین



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رسالت کا مرتکب ہوتو میں اس کو گولی ماردوں انہوں نے کہا کہ غور کرنا چاہیے کہ کہیں ممتاز قادری نے عبدالرحمٰن ملک کے حکم کی تعمیل تو نہیں کی! مولانا زاہدالراشدی نے کہا کہ تحریک ختم نبوت کا کام اور ختم نبوت کانفرنسیں اپنے عقیدے کے ساتھ تعلق کا تسلسل ہیں انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال مرحوم نے جواہر لال نہرو کو لکھا تھا کہ نبی تبدیل ہونے سے وفاداری کا مرکز تبدیل ہو جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ قادیانی اپنے آپ کو دستورِ پاکستان کے مطابق غیر مسلم اقلیت تسلیم نہیں کرتے بلکہ قادیانی سازشی ٹولہ ہے جو یہودی سوچ اور یہودی فکر کی طرز پر اپنے آپ کو منظّم کررہا ہے انہوں نے کہا کہ ربوہ میں حکومتی رٹ کو مسلسل چیلنج کیا جارہا ہے حکومت اپنی رٹ قائم کرنے کے نام پر جو اقدامات کررہی ہے اس کو قادیانی جماعت کا متوازی سسٹم اور ریاست کے اندر ریاست کے انداز میں قادیانی تنظیموں کا منظّم ہونا کیوں نظر نہیں آرہا انہوں نے کہا سوات میں رٹ قائم کرنے کے نام پر خون ریزی کرنے والے ربوہ میں آپریشن سے کیوں گریزاں ہیں مولانا زاہدالراشدی نے کہا کہ تحریک تحفظ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کو بے مثال کامیابی ضرور حاصل ہوئی لیکن عالمی ایجنڈا وہیں ہے انہوں نے کہا کہ قوم تحفظ ناموس رسالت کے محاذ پر متفقہ مؤقف دے کر ایک وِکٹ ضرور جیتی ہے مگر میچ جیتنا ابھی باقی ہے اور اس کے لئے جُہد مسلسل کی ضرورت ہے ڈاکٹر خادم حسین ڈھلوں نے کہا کہ اہلسنت والجماعت تحفظ ختم نبوت کے محاذ پر مجلس احرارِ اسلام کی پون صدی سے زائد عرصے پر محیط خدمات کی معترف ہے اور تحفظِ ناموسِ صحابہ کو تحفظ ناموسِ رسالت کا راستہ تصور کرتی ہے انہوں نے کہا کہ مُنکرین ختم نبوت اور مُنکرین صحابہ بیرونی سرمائے پر بیرونی ایجنڈے کے لئے کام کررہے ہیں سابق قادیانی سید منیر احمد شاہ بخاری نے کہا کہ میں 55 سال قادیانی رہا لیکن مرزا کی نبوت کا یقین نہیں آیا جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مزین ایک مبارک خواب مجھے ظلمت وگمراہی سے نکال کر اسلام کے دامن میں پناہ دینے کا ظاہری سبب بنا انہوں نے کہا کہ جرمنی کے ایک شہر کے میئر نے قادیانیوں کو مسلمانوں کا حصہ تسلیم کرنے سے انکار کردیا اور پھر کسی تقریب میں قادیانیوں کو بطور مسلم کمیونٹی مدعو نہیں کیا، انہوں نے بتایا کہ مفادات اور لالچ دے کر قادیانی لوگوں کو گمراہ کرلیتے ہیں ہمیں زیادہ باخبر رہنے کی ضرورت ہے عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ تاریخ کے ریکارڈ پر ہے کہ بھٹو مرحوم نے کہا تھا کہ ”قادیانی پاکستان میں وہی مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے“ انہوں نے کہا کہ ۱۵/ مارچ کو چناب نگر میں سینئر صحافی رانا ابرار حسین چاند کے قتل کے اصل محرکات کو چھپایا جارہا ہے رانا ابراحسین شہیدِ صحافت وشہیدِ ختم نبوت ہیں قادیانی یہ نہ سمجھیں کہ زمینی حقائق کی روشنی میں رانا ابرار حسین کا کردار ختم ہوجائے گا، انہوں نے کہا کہ ربوہ میں ریاست کے اندر متوازی ریاستی نظام قائم ہے اور قادیانیوں نے اپنی عدالتیں قائم کررکھی ہیں دہشت گردوں کو ربوہ میں تربیت دی جاتی ہے رانا ابراحسین کے قادیانی قاتل نے اقرار کیا ہے کہ اُسے اسلحہ صدر عمومی جماعت احمدیہ نے فراہم کیا تھا انہوں نے مطالبہ کیا کہ قاتلوں کے اصل سرپرستوں کو گرفتار کیا جائے سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ مجلس احرارِ اسلام 86 سال سے توحید وختمِ نبوت اور اُسوہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روشنی میں امت کے اجماعی عقائد کا تحفظ کررہی ہے اور نامساعد حالات کے باوجود ضروری ہے کہ قوم بلیک واٹر اور ریمنڈ ڈیوس جیسے امریکی جاسوسوں سے اس ملک کو آزاد کرانے کے لئے اُٹھ کھڑی ہو کانفرنس



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں اِس عزم کا اظہار کیا گیا کہ عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ اور ردِ قادیانیت کے لئے مجلس احرارِ اسلام اپنا کردار جاری رکھے گی اور اس محاذ پر کام کرنے والی جماعتوں اور اداروں سے اشتراکِ عمل بڑھایا جائے گا کانفرنس کی قراردادوں میں مطالبہ کیا گیا کہ مرتد کی شرعی سزا نافذ کی جائے ،قومی سلامتی اور ملکی دفاع کے حوالے سے حکومت اپنی پالیسیوں پر نظر ثانی کرے ،حکومتی اتحاد اور اپوزیشن اپنی صفوں سے قادیانیوں اور قادیانی نواز عناصر کو نکال باہر کرے ،امتناع قادیانیت ایکٹ پر مؤثر عمل درآمد کرایا جائے ربوہ میں کام کرنے والے مسلم اداروں اور تنظیموں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور آزادانہ فضا میں کام کرنے کے لئے قانونی تحفظ دیا جائے ،کانفرنس میں یہ مطالبہ بھی کیا گیا کہ چناب نگر (ربوہ) کے رہائشیوں کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں۔

## نئی مردم شماری میں قادیانیوں کا نام غیر مسلم اقلیتوں کے خانے میں درج کیا جائے

لاہور (۱۱ر اپریل ۲۰۱۱ء) تحریک ختم نبوت کے رہنما اور مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے حکومت اور محکمہ شماریات کی توجہ اِس جانب مبذول کرائی ہے کہ نئی مردم شماری اور خانہ شماری میں ملک بھر کے لاہوری وقادیانی مرزائیوں کا شمار قانون کے مطابق غیر مسلم شہریوں کے کالم میں کیا جائے اور ان کی حقیقی آبادی/تعداد دنیا کے سامنے لائی جائے ایک بیان میں عبداللطیف خالد چیمہ نے محکمہ شماریات کے ڈائریکٹر جنرل سے کہا ہے کہ لاہوری وقادیانی مرزائی مردم شماری میں اپنے آپ کو مسلمان لکھوا کر دستور و آئین سے انحراف کرتے ہیں اور پھر اس سے قادیانیوں کی صحیح تعداد و آبادی کا تعین بھی نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ نئی مردم شماری اور خانہ شماری میں چناب نگر سمیت ملک بھر میں اس کا اہتمام کریں تا کہ قادیانی اس مردم شماری اور خانہ شماری میں حسب قانون حصہ لیں اور غیر مسلم کے کالم میں اندراج کو یقینی بنائیں ،خالد چیمہ نے دینی جماعتوں اور ختم نبوت کے محاذ پر کام کرنے والی تنظیموں اور اداروں سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ اپنے اپنے حلقوں میں اِس بات پر نظر رکھیں کہ قادیانی اپنے آپ کو مسلمانوں کی فہرست میں درج نہ کرا سکیں۔

## قادیانیوں نے پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کی مخبری کی

لاہور (۱۱ر اپریل ۲۰۱۱ء) مجلس احرارِ اسلام پاکستان اور تحریک تحفظ ختم نبوت نے الزام عائد کیا ہے کہ لاہور میں ایم کیو ایم کے جلسہ کے لئے قادیانی جماعت نے اپنے سربراہ مرزا مسرور احمد کی خصوصی ہدایت پر نہ صرف شرکت کی بلکہ اس کی مہم چلائی اور فنڈنگ کے لئے بھی کردار ادا کیا مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے سیکرٹری اطلاعات قاری محمد یوسف احرار نے کہا ہے کہ قادیانیوں کے خلیفہ مرزا مسرور احمد نے ۱۲ر ستمبر ۲۰۰۸ء کی اپنی ہفتہ وار تقریر میں اپنے پیروکاروں کو ہدایت کی تھی کہ وہ ایم کیو ایم کی حمایت کریں اور الطاف حسین کا ساتھ دیں عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ علامہ اقبال مرحوم نے کہا تھا کہ ”قادیانیت یہودیت کا چربہ ہے“ خالد چیمہ نے کہا کہ قادیانی ملک وملت کے غدار ہیں اور یہ بات ریکارڈ پر ہے کہ ”پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کی مُخبری امریکہ کو قادیانی ڈاکٹر عبدالسلام نے کی تھی“ انہوں نے کہا کہ قادیانیوں کے تعاون سے کام کرنے والے بتائیں کے وہ کس کے ایجنڈے پر کام کر رہے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ قانون ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) اور تحفظ ختم نبوت جیسے قوانین عالمی ایجنڈے کی زد میں ہیں اور بعض قوتیں ان قوانین کو سبوتاژ کرانے کے لیے عالمی قوتوں کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## سعودی عرب کے خلاف مہم عالمی استعماری ایجنڈا ہے:

لاہور (۱۴؍اپریل ۲۰۱۱ء) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ سعودیہ مخالف پراپگنڈہ کی آڑ میں حرمین شریفین کے تقدس کو مجروح کرنے کی خطرناک سازشوں کے خلاف پوری ملت اسلامیہ کا ایک ہی مؤقف اور رائے ہے۔ اپنے بیان میں مجلس احرارِ اسلام کی قیادت نے کہا ہے کہ ایران کی طرف سے فتنہ وفساد کا انداز عبداللہ ابن ابی اور عبداللہ ابن سبا کی اسلام دشمن تحریکوں کی چغلی کھا رہا ہے امت مسلمہ کو بیدار ہو کر یہودی سازش کا حقیقی ادراک کرنا چاہیے مجلس احرارِ اسلام اور تحریک تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں پروفیسر خالد شبیر احمد، سید محمد کفیل بخاری، مولانا محمد مغیرہ اور قاری محمد یوسف احرار نے اپنے بیان میں کراچی میں سرکردہ علماء کرام کے اجلاس کا خیر مقدم کرتے ہوئے مشترکہ اعلامیے کی مکمل تائید وحمائت کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ استعماری قوتیں مسلمانوں کے مرکزِ عقیدت مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کو ٹارگٹ کر کے سعودی عرب کے خلاف جارحانہ فضا بنا رہے ہیں اور ایران کھل کر اِس استعماریت کی حمایت کر رہا ہے یہیں سے واضح ہوتا ہے کہ ایران سعودی عرب کے امن کے درپے ہے مجلس احرارِ اسلام پاکستان اور تحریک تحفظ ختم نبوت نے قافلۂ حق کو تجویز پیش کی ہے کہ ملک بھر میں ''تحفظ حرمین شریفین کانفرنسوں'' کا انعقاد ہونا چاہیے اور امریکی استعماریت اور ایرانی رافضیت کے سامنے مشترکہ بند باندھنا چاہیے۔

## حکومت، ڈرون حملوں کے خلاف متفقہ مؤقف اختیار کرے:

لاہور (۱۴؍اپریل ۲۰۱۱ء) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف کا کہنا کہ ''ڈرون حملوں کے خلاف ججوں اور جرنیلوں کو قوم کے ساتھ میدان میں آنا ہوگا'' نوشتۂ دیوار ہے اور ہمیں خوشگوار حیرت ہے کہ شہباز شریف نہ جانے کس مصلحت کے تحت سچی باتیں بھی کرنے لگے ہیں۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ڈرون حملوں کو روکے بغیر ملک سے دہشت گردی ختم نہیں ہوسکتی لہٰذا صرف ججوں اور جرنیلوں کو نہیں حکمرانوں اور سیاستدانوں کو بھی صورتحال کا حقیقی ادراک کرتے ہوئے ڈرون حملوں کے خلاف متفقہ مؤقف اختیار کر کے جرأت سے کھڑے ہو جانا چاہیے کہ اور امریکی تسلط کو اتار پھینکنا چاہیے۔

## قانون توہین رسالت کے خلاف امریکی مہم اسلام دشمنی ہے

لاہور (۱۵؍اپریل ۲۰۱۱ء) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے امریکی نائب سیکرٹری خارجہ مائیکل ایچ پوسز کی وزارتِ خارجہ کی جانب سے جاری سالانہ اِنسانی حقوق کی رپورٹ میں پاکستان میں موجود قانون تحفظ ناموس رسالت پر تنقید کو مسترد کرتے ہوئے اِسے بلاجواز اور پاکستان کے مذہبی واندرونی معاملات میں جارحانہ مداخلت سے تعبیر کیا ہے ختم نبوت رابطہ کمیٹی کے کنوینئر عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے منصب رسالت کے تحفظ کا قانون قرآن وحدیث سے ماخوذ ہے چودہ صدیوں سے مسلمانوں کا اس پر اجماع واتفاق ہے اور گزشتہ مہینوں میں جاری تحریک تحفظ ناموس رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے پوری دنیا پر واضح کر دیا ہے کہ کمزور سے کمزور مسلمان بھی اپنی اس کمٹمنٹ پر نہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صرف قائم ہے بلکہ اس کو اپنے ایمان وعقیدے کی بنیاد تصور کرتا ہے خالد چیمہ نے کہا کہ اقوام متحدہ کو جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت تمام انبیاء کرام علیھم السلام کے تحفظ کا قانون بین الاقوامی سطح کے لئے منظور کرنا چاہیے، انہوں نے کہا کہ توہین انبیاء کا حق مانگنے والے دنیا کو بدامنی کی طرف دھکیلنا چاہتے ہیں دریں اثناء ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن پاکستان نے ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان (HRCP) کی رپورٹ کو یکطرفہ اور جانبدارانہ قرار دیا ہے فاؤنڈیشن کے سیکرٹری جنرل فاروق ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستان میں اقلیتوں کے تحفظ کے نام پر فکری ارتداد پھیلایا جارہا ہے اور قانون تحفظ ناموس رسالت کے خلاف آزادانہ مہم کو آزادیٔ رائے سے تعبیر کر کے 2 ارب مسلمانوں کے ایمان وعقیدے کے خلاف مہم چلائی جارہی ہے، فاروق ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ لاہوری وقادیانی مرزائی اپنے آپ کو غیر مسلم اقلیتی دائرے میں لانے کی بجائے دستور کے خلاف بغاوت پر مبنی رویہ اختیار کئے ہوئے ہیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ ربوہ میں ۱۵/مارچ ۲۰۱۱ء کو قادیانیوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے سینئر صحافی رانا ابرار حسین چاند کے اصل قاتلوں کو گرفتار کیا جائے اور ربوہ میں قانون کی حکمرانی قائم کی جائے۔

## شیخ عبدالواحد (گلاسگو) کی والدہ کا انتقال

چیچہ وطنی (۱۶/اپریل ۲۰۱۱ء) چیچہ وطنی کے ممتاز سیاسی وسماجی رہنما شیخ عبدالغنی کی اہلیہ اور احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر شیخ عبدالواحد کی والدہ ماجدہ ۱۶/اپریل کو گلاسگو میں انتقال کر گئیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اتوار کو بعد نماز ظہر گلاسگو کی مرکزی جامع مسجد میں ادا کی گئی، جس میں سکاٹ لینڈ اور انگلینڈ کے مختلف شہروں سے مسلم کمیونٹی نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعد نماز عصر مرحومہ کے ایصال ثواب کے لئے اجتماعی دعائے خیر کرائی گئی۔ مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر سید عطاء المہیمن بخاری، سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، مفتی ہارون مطیع اللہ (کراچی) کے علاوہ چیچہ وطنی کے دینی وسیاسی اور سماجی وصحافتی حلقوں اور ممتاز شخصیات نے مرحومہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعائے مغفرت کی ہے علاوہ ازیں احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے سیکرٹری جنرل عرفان اشرف چیمہ، ختم نبوت اکیڈمی لندن کے عبدالرحمٰن یعقوب باوا، سہیل باوا، ختم نبوت ایجوکیشن سنٹر برمنگھم کے ڈائریکٹر مولانا امدالحسن نعمانی، محمد اکرم راہی، سید خالد مسعود گیلانی، محمد اشرف اور حافظ ظہور الحق نے بھی شیخ عبدالغنی اور شیخ عبدالواحد سے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ مرحومہ ایک زاہدہ وعابدہ اور نیک سیرت خاتون تھیں۔ دریں اثناء دارالعلوم ختم نبوت چیچہ وطنی میں مرحومہ کی مغفرت کے لیے اجتماعی دعائے خیر کرائی گئی۔

## عبدالستار ایدھی کی طرف سے قادیانیوں کی حمایت قابلِ مذمت ہے

لاہور (۲۰/اپریل ۲۰۱۱ء) متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان نے کہا ہے کہ محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ ہی دنیا وآخرت میں فلاح ونجات کی ضامن ہے مسلمانوں کا مرکزِ عقیدت جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ان کے بارے میں مرزا غلام احمد قادیانی اور قادیانی خُلفاء کی تحریروں کو جناب عبدالستار ایدھی پڑھیں اور پھر فرمائیں کہ قادیانیت انسانیت کی علمبردار ہے یا انسانیت کی دشمن! ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے کنونیئر عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ مرزا قادیانی اپنے نہ ماننے والوں کو کنجریوں کی اولاد لکھتا ہے اور اپنے آپ کو آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر ظاہر کرتا ہے انہوں نے کہا کہ مسٹر ظفر اللہ خاں نے قائد اعظم کا جنازہ نہیں پڑھا تھا مرزا بشیر الدین محمود نے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بلوچستان کو احمدی سٹیٹ بنانے کی سازش کی تھی 1953ء اور 1974ء میں ہزاروں فرزندانِ اسلام کو ذبح کر دیا گیا 1984ء سے لیکر 2010ء تک متعدد مسلمانوں کو قادیانیوں نے اپنے ظلم کا نشانہ بنایا خالد چیمہ نے کہا کہ قادیانی جماعت اپنے دام فریب میں لانے کے لئے طرح طرح کے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہے اور عبدالستار ایدھی ایسے ہی قادیانی ہتھکنڈے کا بری طرح شکار ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ قادیانی جماعت سے ایوارڈ اور خطیر رقم لینا دینی غیرت وحمیت کے خلاف ہے قادیانی جماعت کے بارے میں بھٹو مرحوم نے کہا تھا کہ "یہ پاکستان میں وہی مرتبہ حاصل کرنا چاہتے ہیں جو یہودیوں کو امریکہ میں حاصل ہے" انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثے قادیانی ڈاکٹر عبدالسلام نے امریکہ کو فراہم کئے قادیانیوں کے بارے میں علامہ اقبال مرحوم نے کہا کہ یہ ملک وملت کے غدار ہیں عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ "محبت سب کے لئے" قادیانیوں کا دجل ہے اور اس کی آڑ میں نفرتیں پیدا کر رہے ہیں انہوں نے عبدالستار ایدھی سے کہا کہ وہ اسلام اور وطن کے غداروں سے تعلق ختم کرنے کا اعلان کریں اور ایوارڈ اور رقم قادیانیوں کو واپس کریں۔

## امریکا، توہینِ قرآن کرنے والے ملعون پادری کو سزا دے

لاہور (۲۱ر اپریل ۲۰۱۱ء) اسلامی شعائر کی حفاظت کیلئے امتِ مسلمہ کا متحد ہونا بے حد ضروری ہے قرآن پاک کی بے حرمتی ایک سوچی سمجھی سازش ہے یہ سب کچھ امریکہ اور عالم کفر کی نگرانی میں ہوا قرآن پاک کی بے حرمتی پر مسلم اُمہ کے حکمرانوں کی خاموشی لمحہ فکریہ ہے امریکی پادری نے مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان ایک خلیج پیدا کر دی ہے ملعون پادری کا گھناؤنا کردار نفرتوں کو ہوا دینے کیلئے ہے عالم اسلام کو کمزور سمجھنے والا امریکہ میرے اللہ خالق ومالک کی گرفت کو کمزور نہ سمجھے ٹیری جونز پادری کی اس ناپاک حرکت سے یہ بات کھل کر سامنے آگئی ہے کہ غیر مسلم کبھی بھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے پادری کی اس قبیح حرکت کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس نے ان خیالات کا اظہار مجلس احرار اسلام شالیمار ٹاؤن کی نئی شاخ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے قرآن پاک کو جلانے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ عیسائی پادری اور اس کی شیطانی عدالت کو توہین قرآن پاک کرنے پر قرار واقعی سزا دی جائے بلکہ ان کو مسلم ممالک کے حوالے کیا جائے جو ان کو سزا دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چناب نگر (ربوہ) کے اندر قتل ہونے والے صحافی رانا ابرار حسین کے قاتلوں کو فی الفور پکڑا جائے اور ان کو عبرت ناک سزا دی جائے۔

## ملعون پادری امریکی ایجنٹ ہے

لاہور (۲۳ر اپریل) عالم اسلام امریکی پادری کی ناپاک جسارت کیخلاف اٹھ کھڑا ہو مسلمان اپنی مقدس کتاب کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے قرآن مجید کی حفاظت کیلئے خون کا آخری قطرہ تک بہا دینگے کتاب الٰہی کو شہید کرنا سب سے بڑی دہشت گردی ہے فلوریڈا میں اس واقعہ سے مذہبی رواداری کے نام نہاد علمبرداروں کا مکروہ چہرہ کھل کر دنیا کے سامنے آگیا ہے ملعون پادری ٹیری جونز نے قرآن پاک کو (نعوذ باللہ) نذر آتش کر کے اس صدی کی سب سے بڑی دہشت گردی کی ہے اگر انسانی حقوق کے اداروں نے امریکی حکمرانوں کو اس پادری کو عبرت ناک سزا دینے پر مجبور نہ کیا تو



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امت مسلمہ کوئی بھی انتہائی فیصلہ کرنے پر مجبور ہوگی ان خیالات کا اظہار مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی نائب ناظم میاں محمد اویس نے کیا انہوں نے کہا کہ کفریہ طاقتیں اسلام کی بڑھتی مقبولیت سے خوفزدہ ہیں کتاب اللہ کی تعلیمات سے بوکھلاہٹ کا شکار صیہونی قرآن مجید کو جلانے پر اتر آئے کفریہ طاقتیں اسلام کو پھلتا پھولتا دیکھ کر ہوش حواس کھو بیٹھیں ہیں قرآن پاک کو جلانا حضرت مریم علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بھی توہین ہے۔انہوں نے دہشت گرد پادری کے ہاتھوں قرآن پاک کی بے حرمتی کو مسلم حکمرانوں کے منہ پر شرمناک طمانچہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ مسلم حکمرانوں نے ہوش کے ناخن نہ لیے تو کافر قوتیں ''تقسیم کرو اور حکومت کرو'' کے فارمولے پر عمل کرتے ہوئے ایک ایک کر کے مسلم ممالک پر قبضہ کر لیں گے۔

## پچنند میں قادیانیوں کی غیر قانونی عبادت گاہ کی تعمیر روک دی گئی

تلہ گنگ (۲۴ر اپریل) مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے رہنماؤں ملک حاجی محمد صدیق، مولانا تنویر الحسن اور ڈاکٹر محمد عمر فاروق نے کہا ہے کہ مجلس احرار اسلام، ''پچنند'' کی طرح آئندہ بھی منکرینِ ختم نبوت کی سازشوں کو ناکام بنانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کرے گی اور عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لیے اپنی دیرینہ تاریخی روایات وخدمات کا تسلسل برقرار رکھے گی۔احرار رہنماؤں نے کہا کہ عقیدۂ ختم نبوت دین کی اساس ہے۔جس کے لیے کسی بھی قربانی وایثار سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ قادیانی امت نے مرزا غلام احمد قادیانی کو پیغمبر مان کر اسلام کے بنیادی عقیدہ میں نقب زنی کرنے کی مذموم کوشش کی، لیکن مسلمانوں نے علماء کرام کی قیادت میں اُن کی ہر مکروہ سازش کو ناکام بنا کر عشق رسالت کا حق ادا کیا اور ہم آئندہ بھی اُن کے ناپاک ارادوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔مجلس احرار اسلام کے رہنماؤں نے گزشتہ چند روز سے قصبہ پچنند میں مسلمانوں اور قادیانیوں کے مابین جاری کشیدگی کی تفصیلات سے اخباری نمائندوں کو آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ مسلسل دو ہفتوں سے قادیانی ایک وسیع نطۂ اراضی پر اپنی غیر قانونی نئی عبادت گاہ اور قادیانی جماعت کے دفاتر کی تعمیر کی تیاریاں مکمل کر چکے تھے۔جس سے علاقہ بھر میں شدید کشیدگی پیدا ہوئی اور شدید تصادم کے خطرات لاحق ہو گئے، لیکن مجلس احرار اسلام اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے رہنماؤں کی بروقت مداخلت، علاقہ کے ذمہ داران اور معززین کی فوری کاروائی سے تصادم کا خطرہ ٹل گیا اور شدید عوامی دباؤ پر قادیانی اپنے غیر قانونی منصوبہ جات کی تکمیل سے ایک تحریری معاہدہ کے تحت دستبردار ہونے پر مجبور ہو گئے۔اہل علاقہ نے اس تاریخی کارنامے پر مجلس احرار اسلام سمیت تمام دینی جماعتوں اور معززین قصبہ کے فعال کردار کو سراہتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔

## سیکولر سیاستدانوں کی سیکولر سیاست نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے

لاہور (۲۳ر اپریل ۲۰۱۱ء) مجلس احرارِ اسلام پاکستان کے امیر مرکزیہ سید عطاء المہیمن بخاری اور سیکرٹری جنرل عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا ہے کہ ڈھلی جا کر قانون توہین رسالت (صلی اللہ علیہ وسلم) کو ختم کرنے کی بات کرنے والے اسفندیار ولی جیسے سیاستدانوں کی سیکولر انتہا پسندی سے ملک کو خطرہ ہے یہ ملک اسلام کے نفاذ کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا اور اسلام کے عملی نفاذ سے ہی قائم رہ سکتا ہے انہوں نے کہا کہ عدم تشدد کے پردے میں اسفندیار ولی دراصل تشدد کو ہوا دے رہے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلام امن



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا ضامن ہے اسلامی تعلیمات اور اسلامی قوانین کی مخالفت کرنے والے ملک کو انارکی کی طرف دھکیل رہے ہیں سیکولر سیاستدانوں کی سیکولر سیاست نے ملک کو تباہی کے دھانے پر لا کھڑا کیا ہے شہری بنیادی ضروریاتِ زندگی کے لئے تڑپ رہے ہیں۔

## شعبہ تحقیق و تصنیف جامعہ کراچی کے سربراہ جناب سید خالد جامعی کی دارِ بنی ہاشم میں آمد اور خطاب:

شعبہ تحقیق و تصنیف جامعہ کراچی کے سربراہ شہرہ آفاق ''جریدہ'' کے مدوّن و مرتب اور ''ساحل'' کے مدیر جناب سید خالد جامعی ۲۷؍ مارچ ۲۰۱۱ء کے شام ملتان تشریف لائے اور مرکز احرار دارِ بنی ہاشم میں قیام فرمایا۔ مدیر ''نقیب ختم نبوت''، سید محمد کفیل بخاری کی میزبانی میں بعد نمازِ عشاء ایک علمی و فکری نشست کا اہتمام ہوا۔

محترم سید خالد جامعی کے علمی شخصیت کئی حوالوں سے معروف ہے لیکن مغربی فکر و فلسفہ کی مبادیات واہداف اُن کا خاص موضوع ہے۔ انھوں نے عنوانات ذیل پر بڑی تفصیلی گفتگو فرمائی۔

(۱) اسلام اور مسلمانوں کے خلاف مغرب کا ایجنڈا (۲) اسلام اور مسلمانوں کی تاریخ (۳) تاریخ اور فلسفہ

اس نشست میں مدیر ''الاحرار'' جناب سید محمد معاویہ بخاری، مدیر ''الخیر'' مولانا محمد ازہر، رکن ادارہ ''ایقاظ'' جناب عمران صدیقی، محترم حافظ عابد مسعود (چیچہ وطنی)، جناب طیب علی تگہ، محترم پروفیسر تو حید الرحمٰن، مفتی سید صبیح الحسن ہمدانی، سید عطاء المنان بخاری اور دیگر دانش وروں نے شرکت کی۔

محترم خالد جامعی کی گفتگو رات گئے تک جاری رہی۔ انھوں نے محترم شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دیے۔ اگلے روز سید کفیل بخاری کے ہمراہ ''ادارہ خیر المعارف'' میں تشریف لے گئے۔ الخیر پبلک سکول کے پرنسپل، ممتاز شاعر جناب میجر (ر) محمد سعید اختر صاحب اور مولانا محمد ازہر کے علاوہ دیگر اراکین ادارہ سے ملاقات میں شرکاء کے نہایت اہم علمی و تاریخی سوالات پر گفتگو فرمائی۔ آپ دو روز کے لیے ضلع وہاڑی تشریف لے گئے اور وہاں منعقدہ علمی و فکری نشستوں میں خطاب کیا۔ ۳۰؍ مارچ کو دوبارہ دارِ بنی ہاشم تشریف لائے قائد احرار، ابن امیر شریعت، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ اور دیگر احباب سے ملاقات کے بعد آپ کراچی تشریف لے گئے۔

## مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی، دارِ بنی ہاشم میں:

شہید ختم نبوت حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند ارجمند مولانا محمد یحییٰ لدھیانوی اپنے دس رفقاءِ سفر کے ہمراہ ۱۶؍ اپریل ۲۰۱۱ کو دارِ بنی ہاشم ملتان تشریف لائے۔ قائد احرار، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ سے ملاقات میں انھوں نے جس محبت و اخلاص کا اظہار فرمایا اس میں ان کے عظیم والد حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ کی جھلک موجود تھی۔ انھوں نے نمازِ ظہر دارِ بنی ہاشم میں ادا کی اور کچھ دیر قیام کے بعد تشریف لے گئے۔

مدیر ''نقیب ختم نبوت''، سید محمد کفیل بخاری، سید عطاء المنان بخاری اور مفتی سید صبیح الحسن کے علاوہ دیگر حضرات بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اللہ تعالیٰ انہیں سلامت رکھے، اُن کی حفاظت فرمائے اور اپنے عظیم والد کے نقش قدم پر چلائے (آمین)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# انتخابات مجالس احرارِ اسلام

## ● مجلس احرار اسلام ٹوبہ ٹیک سنگھ

نذر حسین ڈوگر (سرپرست)　حافظ محمد اسماعیل (امیر)
چودھری محمد نذیر (نائب امیر)　مولانا فضل محمد (نائب امیر)
حافظ محکم الدین (ناظم اعلیٰ)　محمد افضل (نائب ناظم)
حافظ عبدالوحید (ناظم نشریات)　محمد اسامہ (خازن)

### مقامی مجلس شوریٰ

ا۔حافظ محمد اسماعیل ۲۔حافظ محکم الدین ۳۔قاری عبیدالرحمٰن ۴۔قاری محمد شریف ۵۔قاری عبدالرحمٰن ۶۔محمد ارشد

## ● مجلس احرار اسلام بورے والا

قاری ظہور احمد (سرپرست)　عبدالشکور احرار (امیر)
محمد طارق جوئیہ (ناظم)　محمد نوید طاہر (ناظم نشریات)

### مقامی مجلس شوریٰ

ا۔صوفی عبدالشکور　۲۔محمد نوید طاہر　۳۔غلام رسول　۴۔محمد طارق جوئیہ　۵۔حافظ محمد شفیق
۶۔حاجی غضنفر حسین　۷۔رانا محمد خالد　۸۔حافظ ظہور احمد

## ● مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ

محمد عالم (سرپرست)　محمد خاور جاوید بٹ (امیر)　حافظ محمد اکمل (ناظم)
شیخ الطاف الرحمٰن بٹالوی (ناظم نشرواشاعت)　محمد ایوب (خازن)

### مقامی مجلس شوریٰ

ا۔محمد صادق　۲۔عمر فاروق　۳۔حبیب الرحمٰن　۴۔ارشد محمود　۵۔طاہر محمود

## ● مجلس احرار اسلام اٹک

مولانا زکریا کلیم اللہ (امیر)　قاری عبدالحئی حماد اللہ (ناظم اعلیٰ)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساجد محمود　　(ناظم نشرواشاعت)

## ● مجلس احرار اسلام جھنگ

میاں عبدالغفار احرار　(امیر)　مولانا قاری محمد اصغر عثمانی　(نائب امیر)

مولانا قاری عزیز الرحمٰن مجاہد　(ناظم اعلیٰ)　مولانا عمر دراز نہرہ　(نائب ناظم اعلیٰ)

محمد انور سعید مغل　(ناظم نشرواشاعت)　حاجی محمد افضل مغل　(خازن)

## ● مجلس احرار اسلام لاہور

لاہور (۲۸/ مارچ ۲۰۱۱ء) مجلس احرار اسلام کے اراکین کا اجلاس برائے انتخاب ضلع لاہور آج ۲۸/ مارچ ۲۰۱۱ء سوموار بعد نماز عشاء دفتر احرار 69 سی نیو مسلم ٹاؤن، وحدت روڈ لاہور میں ملک یوسف کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا قاری محمد قاسم نے تلاوت کی۔ میاں محمد اویس (مرکزی نائب ناظم مجلس احرار اسلام) نے شرکاء اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جماعت کا تعارف پیش کیا۔ انتخاب کیلئے درج ذیل نام پیش کیے گئے جن کی متفقہ طور پر تمام شرکاء نے تائید کی۔

☆امیر/صدر:۔ حاجی عبدالقدیر بٹ صاحب

☆سیکرٹری جنرل:۔افتخار احمد بھٹہ صاحب

☆سیکرٹری نشرواشاعت:۔ڈاکٹر ضیاء الحق قمر صاحب

☆ نائب امیر:۔حاجی محمد لطیف صاحب، ملک محمد یوسف صاحب

☆ نائب ناظم:۔قاری عبدالعزیز صاحب، قاری محمد قاسم صاحب

☆ نائب ناظم نشریات:۔یاسر عبدالقیوم، محمد عاطف بیگ، اُسید قوی

**مجلس شوریٰ:**۔میاں محمد اویس، قاری محمد یوسف، محسن نثار، اکمل شہزاد، خالد رضا، رانا حبیب اللہ، محمد ایوب بٹ، حبیب احمد، خالد جانباز، امجد حسین وائیں

اجلاس سے سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام عبداللطیف خالد چیمہ نے اپنے ٹیلیفونک خطاب میں تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا جماعت کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جماعتِ لاہور کا مضبوط ہونا بے حد ضروری ہے اس کے اثرات پورے پاکستان اور عالمی سطح پر ختم نبوت کے حوالے سے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ قاری محمد یوسف کی دعا سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

## ● مجلس احرار اسلام، داتا گنج بخش ٹاؤن

لاہور (۲۳/ مارچ ۲۰۱۱ء) مجلس احرار اسلام داتا گنج بخش ٹاؤن لاہور کا انتخابی اجلاس زیر صدارت جناب ملک محمد یوسف صاحب ہوا جس میں مندرجہ اراکین ومعاونین نے شرکت کی بعد ازاں حسب ذیل عہدیداران کا چناؤ ہوا۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صدر: خواجہ محمد شفیق　　ناظم: امجد وائیں　　سیکرٹری نشرواشاعت: زبیر احمد

**مجلس عاملہ:**

۱۔محمد شفیق بٹ ۲۔خالد بشیر بٹ ۳۔محمد سعید رفیق ۴۔زبیر احمد ۵۔زرفشان احمد ۶۔امجد حسین وائیں ۷۔عبدالبصیر ۸۔محمد اعجاز ۹۔سیف الرحمٰن ۱۰۔حبیب الرحمٰن ہاشمی ۱۱۔ملک محمد یوسف ۱۲۔میاں محمد اویس ۱۳۔قاری محمد یوسف

## ● مجلس احرار اسلام، سمن آباد ٹاؤن

لاہور (۱۷؍ مارچ ۲۰۱۱ء) جامعہ فتحیہ ذیلدار روڈ اچھرہ میں مجلس احرار اسلام حلقہ سمن آباد ٹاؤن کے اراکین کا اجلاس منعقد ہوا۔صدارت قاری عبدالمجید صاحب نے کی میاں محمد اویس (مرکزی نائب ناظم) نے انتخاب کے لیے نام پیش کیے۔تمام اراکین کی متفقہ رائے سے درج ذیل انتخاب عمل میں آیا۔

امیر: ۔قاری محمد قاسم　ناظم: ۔قاری عتیق الرحمٰن　سیکرٹری نشریات: ۔محمد یاسر عبدالقیوم

نائب امیر: ۔قاری محمد اکرم　نائب ناظم: ۔سمیع اللہ، ثاقب افتخار　نائب ناظم نشریات: ۔اسید قوی

مجلس عاملہ: ۔قاری عبدالعزیز صاحب، محمد عاطف بیگ، ڈاکٹر ضیاء الحق۔قاری عبدالمجید کی دعا سے اجلاس کا اختتام ہوا۔

## ● مجلس احرار اسلام چنیوٹ:

مجلس احرار اسلام چنیوٹ کا اجلاس مولانا محمد مغیرہ (امیر دارالمبلغین، خطیب مسجد احرار چناب نگر) کی صدارت اور تلاوت سے شروع ہوا۔اجلاس میں متفقہ فیصلہ سے درج ذیل حضرات کو مقامی جماعت کا عہدیدار منتخب کیا گیا۔

امیر: صوفی محمد علی احرار　نائب امراء: حافظ محمد یٰسین، محمد حنیف معاویہ

ناظم: قاری محمد ارشد　نائب ناظمین: عبداللطیف ناز، حافظ شاہد نواز

ناظم نشرواشاعت: مولانا محمد طیب چنیوٹی　نائب ناظم نشرواشاعت: محمد ساجد، محمد صفدر معاویہ

## ● مجلس احرار اسلام چناب نگر:

امیر: احمد یار خان　نائب امراء: محمد اظہر، منصب علی

ناظم: مہر ھیتم علی　نائب ناظمین: مبشر احمد، ظفر عباس

ناظم نشرواشاعت: غلام مرتضیٰ　نائب ناظم نشرواشاعت: اظہر عباس، محمد ظفر

**مقامی مجلس شوریٰ:**

مولانا محمد مغیرہ، یاسر، ابوبکر، یٰسین، محمد انور، محمد مظہر



© rasailojaraid.com